# جنریشن نیو ایرا (GENERATION NEW ERA) کا حصہ بنیں

# مطالعہ کے لیے آپ کا گائیڈ

## مندرجات


Contents ........ 1

ABOUT THE STUDY ........ 3

?What is Generation New Era ........ 3

?How will it make a difference ........ 3

?What sort of study is Generation New Era ........ 3

?Who runs the study ........ 3

?How was your family chosen for the study ........ 4

?Why do we want to hear from you ........ 4

?Which family members are invited to take part ........ 4

?What if you live apart from your baby’s other parent ........ 4

?Want to find out more about the study and why you should take part ........ 5

?WHAT’S INVOLVED ........ 6

?What happens next ........ 6

?Do both parents have to take part ........ 6

?Which parent will do which interview ........ 6

?What will I get for taking part ........ 7

?What will we be asking about ........ 7

?Want to find out more about what’s involved ........ 7

ADDING INFORMATION ........ 8

Information from administrative records ........ 8

?Which administrative records would we like to add ........ 8

?Who decides about adding administrative records ........ 8

?How will information from administrative records be used ........ 8

9 ....................................................................................................Information about where you live
10 .................................................................................... LOOKING AFTER YOUR INFORMATION
10 ....................................................................................................?Who has approved this research
10 ........................................................................... ?What will happen to the information you give
10 ....................................................?What if you choose not to take part, or withdraw from the study
10 ...........................................................................?Who is responsible for the study information
11 .........?What if taking part in Generation New Era leaves you concerned about something in your life
11 ................................................................................................... ?Have a question about the study

## مطالعہ کے بارے میں

### جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) کیا ہے؟

**جنریشن نیو ایرا (Generation New Era)، 2022 میں پیدا ہونے والے کئی ہزار بچوں اور ان کے خاندانوں کا ایک اہم سائنسی مطالعہ ہے۔** ہر بچہ خاص ہوتا ہے، لیکن جو آج پیدا ہوئے ہیں ان کا تعلق ایک مخصوص قسم کی نسل سے ہے۔ وبائی مرض اور زندگی گزارنے کے اخراجات کا بحران آپ جیسے والدین، آپ کے بچوں اور آپ کے مستقبل کے لیے منفرد چیلنجز اپنے ساتھ لے کر آیا ہے۔

### اس سے کیسے فرق پڑے گا؟

جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) ہماری بدلتی ہوئی دنیا میں پروان چڑھنے والے بچوں کی صحت اور نشوونما کے بارے میں اہم نئی بصیرتیں **فراہم کرے گا** اور برطانیہ میں بچوں اور خاندانوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے میں محققین، حکومتوں اور خدمات فراہم کرنے والوں کی مدد کرے گا۔

### جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) کس قسم کا مطالعہ ہے؟

جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) پیدائشی ہم آہنگی کا ایک مطالعہ ہے۔ ان مطالعات میں بچوں کی پیدائش سے لے کر ان کی پوری زندگی، ان پر تحقیق جاری رہتی ہے۔ **ایسے مطالعات یہ بتاتے ہیں کہ بچے کیسے بڑھتے اور نشوونما پاتے ہیں اور یہ کہ بچپن کے تجربات ان کی بعد کی زندگیوں کو کیسے متاثر کرتے ہیں۔**

جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) جیسے مطالعات کے نتائج میں والدین کو موجودہ طور پر فائدہ پہنچانے والے متعدد حکومتی اقدامات کی سفارش کی گئی ہے۔ اس میں زچگی کی چھٹی کو ایک سال تک بڑھانے، قانونی زچگی کی تنخواہ کی ہفتہ وار شرح میں اضافہ کرنے اور دو ہفتوں کی تنخواہ کے ساتھ چھٹی دینے کی تجاویز شامل ہیں۔ آپ ہماری مطالعہ کی ویب سائٹ پر اس بارے میں مزید جان سکتے ہیں کہ پیدائشی ہم آہنگی کے مطالعے نے کس طرح فرق پیدا کیا ہے۔

**برطانیہ اس قسم کی تحقیق میں عالمی رہنما ہے**، جس میں 1946، 1958، 1970 اور 2000 میں پیدا ہونے والے لوگوں کے قومی مطالعات آج بھی جاری ہیں۔

ہم نے ان مشترکہ مطالعات میں شرکت کرنے والوں سے پوچھا ہے کہ وہ حصہ لینے سے کیوں لطف اندوز ہوتے ہیں۔ پیدائشی ہم آہنگی کے مطالعے میں سے ایک شرکت کنندہ کا کہنا تھا کہ "اس کا حصہ بننا دلچسپ ہے... اس کا انتخاب کرنا ایک خاص احساس دلاتا ہے۔"_

جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) کا حصہ بن کر، آپ برطانیہ کے خاندانوں کے لیے **مستقبل کی تشکیل میں مدد فراہم** کر سکتے ہیں۔

### اس مطالعہ کو کون منعقد کرتا ہے؟

**یونیورسٹی کالج لندن (UCL)**میں سینٹر فار لانگیچیوڈینل اسٹڈیز (CLS) اس مطالعے کا انچارج ہے-CLS برطانیہ میں ہم آہنگی کے مطالعہ کا ایک سرکردہ مرکز ہے-UCL دنیا کی معروف یونیورسٹیوں میں سے ایک ہے۔

مطالعاتی ٹیم میں ویلز کی سوانسے یونیورسٹی، اسکاٹ لینڈ کی ایڈنبرا یونیورسٹی اور شمالی آئرلینڈ کی السٹر یونیورسٹی بھی شامل ہیں۔

**Ipsos** جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) کے لیے انٹرویو منعقد کر رہی ہے (ipsos.com)۔Ipsos ایک خودمختار تحقیقی ادارہ ہے جو مارکیٹ ریسرچ سوسائٹی کے ضابطہ اخلاق کے اصولوں پر عمل کرتا ہے۔

جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) کو اکنامک اینڈ سوشل ریسرچ کونسل کی طرف سے مالی اعانت فراہم کی جاتی ہے، جو کہ برطانیہ کی سماجی تحقیق کے معروف تعلیمیفنڈر اور یو کے ریسرچ اینڈ انوویشن کا حصہ ہے۔

## مطالعہ کے لیے آپ کے خاندان کا انتخاب کیسے کیا گیا؟

آپ کے خاندان کا انتخاب سرکاری محکموں اور صحت عامہ کے اداروں کے پاس موجود پیدائش کے ریکارڈ سے بے ترتیب طور پر کیا گیا تھا۔ ان اداروں نے جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) کو آپ کا نام، پتہ اور آپ اور آپ کے بچے کے بارے میں اضافی معلومات فراہم کی ہیں۔ اس کی اجازت ہر ملک کے لیے خصوصی کمیٹیوں نے دی ہے۔
مطالعہ کے لیے منتخب کیا گیا ہر خاندان منفرد ہے اور ہم آپ کی شرکت کو کسی اور سے نہیں بدل سکتے۔

## ہم آپ کے خیالات کیوں سننا چاہتے ہیں؟

**آپ کے بچے اور آپ کے خاندان جیسا کوئی نہیں ہے۔** مطالعہ کے ایسے نتائج کے حصول کے لیے جو ہر قسم کے خاندانوں کے لیے مفید ہوں، ہمیں برطانیہ کی تمام اقوام اور علاقوں بشمول آپ کے، بہت سے مختلف خاندانوں کے خیالات سننے کی ضرورت ہے۔

تمام پس منظر اور ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے خاندانوں اور ہر قسم کے بچوں کو شامل کر کے، ہم اس نسل کی زندگیوں کا ایک مکمل تصوّر حاصل کر سکتے ہیں اور ہر ایک کو اظہار خیال کا موقع فراہم کر سکتے ہیں۔

## فیملی کے کن افراد کو شرکت کے لیے مدعو کیا جاتا ہے؟

**ہم ہر بچے کی زندگی کا ایک مکمل تصوّر حاصل کرنے میں مدد کے لیے والدین کے خیالات سننا چاہتے ہیں۔** ماں اور باپ بچوں کی زندگی میں اہم ہوتے ہیں۔ والدین کے اپنے بچے کے بارے میں مختلف خیالات اور تجربات ہو سکتے ہیں۔

والدین کے ساتھ رہنے والے پارٹنرز کو بھی شرکت کے لیے مدعو کیا جا سکتا ہے۔

## اگر آپ اپنے بچے کے والد/والدہ سے الگ رہتے ہیں، تو کیا ہو گا؟

**ہم ان والدین کو شامل کرنا چاہتے ہیں جو اپنے بچے کے والد/والدہ سے الگ رہتے ہیں،** اس سے قطع نظر کہ والدین کے درمیان جو بھی ازدواجی رشتہ ہو اور ان کا اپنے بچے کے ساتھ جو بھی اور جتنا بھی تعلق ہو۔

**ہر والد/والدہ سے الگ الگ انٹرویو لیا جائے گا۔** آپ کے بچے کو موجود ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

ہم والدین میں سے ہر ایک کو حصہ لینے کے لیے مدعو کرنے کے لیے، اگر دستیاب ہو، تو پیدائش کے ریکارڈ سے معلومات استعمال کریں گے۔ ہم ہر والد/والدہ سے بچے کی والدہ/والد کے رابطے کی تفصیلات بھی طلب کریں گے، جو وہ چاہیں تو دے سکتے ہیں۔ یہ تفصیلات صرف اس مطالعہ کے بارے میں اس کے والد/والدہ سے رابطہ کرنے کے لیے استعمال کی جائیں گی۔

**آپ کی شرکت اور سروے کے جوابات کو مکمل طور پر رازدارانہ رکھا جائے گا۔** اس کا مطلب ہے کہ ہم آپ کے بچے کے والد/والدہ کو آپ کی فراہم کردہ کسی بھی معلومات یا آپ کے موجودہ حالات بشمول آپ کے پتے کے بارے میں نہیں بتائیں گے۔

اگر آپ ترجیح دیتے ہیں کہ ہم آپ کے بچے کے والد/والدہ کے ساتھ مزید کوئی رابطہ نہ کریں یا اگر آپ کو اس بارے میں کوئی تشویش ہو، تو براہ کرم ہم سے بذریعہ ٹیلیفون 0800 151 0610 پر یا gnestudy@ipsos.com پر رابطہ کریں۔

## مطالعہ کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں اور آپ کو کیوں حصہ لینا چاہیے؟

وزٹ کریں: gnestudy.info/why-take-part

## اس میں کیا کچھ شامل ہے؟

### اس کے بعد کیا ہوتا ہے؟

1) **ایک تربیت یافتہ انٹرویو لینے والا شخص آپ کے پتے پر آپ سے رابطہ کرے گا تاکہ معلوم کرے کہ آیا آپ حصہ لینا چاہتے ہیں یا نہیں۔** وہ آپ کے ہر سوال کا خوشی سے جواب دے گا۔ **انٹرویو لینے والے شخص کے پاس ہمیشہ فوٹو آئی ڈی موجود ہو گی۔** اگر آپ باہر ہوئے یا وہ وقت آپ کے لیے آسان نہ ہوا، تو انٹرویو لینے والا شخص آپ کے بہتر وقت پر واپس آئے گا۔
2) اگر آپ حصہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو انٹرویو لینے والا شخص **ایک ایسا دن اور وقت مقرر کرے گا جو آپ کے انٹرویو کے لیے آپ کے لیے آسان ہو۔**
3) ہم چاہیں گے کہ والدین میں سے کوئی ایک انٹرویو لینے والے کے ساتھ آمنے سامنے بیٹھ کر **60 منٹ کا انٹرویو** مکمل کرے۔
4) ہم چاہیں گے کہ والدین میں سے دوسرا شخص**40-30 منٹ کا الگ انٹرویو مکمل کرے۔** یہ انٹرویو لینے والے کے ساتھ آمنے سامنے یا آن لائن طور پر بھی کیا جا سکتا ہے، جو بھی مناسب ہو۔ ہم بعض اوقات ٹیلی فون کے ذریعے بھی ایسا کر سکتے ہیں۔
5) **حصہ لینے والے ہر شخص کو اس کے وقت کے لیے شکریہ کے طور پر ایک عدد واؤچر بھی ملے گا۔**

انٹرویو لینے والے، بہت سی مختلف برادریوں، حالات اور خاندانوں کی اقسام میں والدین کے ساتھ بات چیت کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔ انٹرویو دوسری زبانوں میں کیا جا سکتا ہے۔ یہ کتابچہ اور دیگر زبانوں میں مطالعہ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے، براہ کرم ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

### کیا والدین میں سے دونوں کے لیے حصہ لینا ضروری ہے؟

ہم امید کرتے ہیں کہ والدین میں سے دونوں ہی حصہ لیں گے، لیکن یہ آپ میں سے ہر ایک پر منحصر ہے کہ وہ اپنا فیصلہ خود کریں۔

### والدین میں سے کون، کون سا انٹرویو دے گا؟

طویل انٹرویو عام طور پر والدین میں سے اس شخص کے ساتھ کیا جاتا ہے، جو بچے کے ساتھ زیادہ وقت گزارتا ہے۔ دوسرا انٹرویو اس لیے چھوٹا ہے کیونکہ ہمیں ہر بچے یا گھرانے کے بارے میں کچھ سوالات ایک ہی بار پوچھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ آپ کی اپنی مرضی پر ہے۔

### میرا دوبارہ انٹرویو کب ہو گا؟

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ کو ہر چند سالوں میں حصہ لینے کے لیے مدعو کیا جائے گا تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ آپ کا بچہ عمر میں اضافے کے ساتھ کیسے آگے بڑھ رہا ہے۔ حصہ لینے کا فیصلہ کرنا ہمیشہ آپ کے اپنے اختیار میں ہے۔

## حصہ لینے پر مجھے کیا ملے گا؟

آپ کے وقت کے لیے شکریہ کے طور پر، انٹرویو دینے والے ہر والد/والدہ کو ایک عدد **ہائی سٹریٹ واؤچر بھی ملے گا**۔ ہر کوئی جو حصہ لیتا ہے اسے مطالعہ کے اہم نتائج کے بارے میں باقاعدہ اپ ڈیٹس ملیں گی۔

## کس کے بارے میں پوچھا جائے گا؟

ہم **آپ کے بچے کی صحت اور نشوونما، رویے اور فروغ، نیند، خوراک اور ان کی ایسی سرگرمیوں** کے بارے میں پوچھیں گے **جو آپ اپنے بچے کے ساتھ کر سکتے ہیں**۔ اگر آپ کے جڑواں بچے، تین بچے یا اس سے زیادہ ہیں، تو ہر بچے کے بارے میں کچھ سوالات دوہرائے جائیں گے۔

ہم **ماں یا باپ کے طور پر آپ کے تجربات**کے بارے میں پوچھیں گے : آپ کا گھر اور خاندان؛ آپ کے کام کی صورت حال؛ آپ کی صحت اور تندرستی؛ آپ کے والدین کا نقطہ نظر اور آپ کے بچے کے ساتھ آپ کا تعلق؛ آپ کو اپنی زندگی میں لوگوں سے ملنے والی حمایت؛ کوئی بھی ایسی سروسز جو آپ یا آپ کا بچہ استعمال کرتے ہیں؛ اور بچوں کی دیکھ بھال کے کوئی بندوبست۔

ہم **آپ کے اور آپ کے خاندان**کے بارے میں بھی کچھ سوالات پوچھیں گے، بشمول آپ کے دیگر بچے، خاندان کے مالی معاملات اور آپ کہاں رہتے ہیں۔ اس میں آپ کے بچے کے والد/والدہ اور کسی بھی پارٹنر کے بارے میں کچھ اہم معلومات شامل ہوں گی۔

یہ جاننا کہ آپ کی زندگی کیسی ہے اور آپ والدین کی حیثیت سے کیسے تجربہ کر رہے ہیں، آپ کے بچے کی زندگی کا ایک مکمل تصوّر بنانے کے لیے بہت ضروری ہے۔

اگر آپ کسی بھی سوال کا جواب نہ دینا چاہتے ہوں، تو آپ اسے چھوڑ سکتے ہیں۔ بالمشافہ انٹرویو کے دوران، کچھ سوالات کے جواب انٹرویو لینے والے کے کمپیوٹر پر نجی طور پر دیئے جاتے ہیں۔

## اس میں کیا کچھ شامل ہے، کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں؟

ملاحظہ فرمائیں: gnestudy.info/whats-involved

# معلومات شامل کرنا

## انتظامی ریکارڈ سے معلومات

سرکاری محکمے اور ایجنسیاں، مثلاً NHS، منصوبہ بندی کرنے اور خدمات فراہم کرنے میں مدد کے لیے ہم سب کے بارے میں انتظامی ریکارڈ کو معمول کے مطابق جمع کرتی ہیں۔

**ہم آپ کے اور آپ کے بچے کے بارے میں انتظامی ریکارڈ سے حاصل کردہ معلومات کو آپ کے مطالعہ کے جوابات میں شامل کرنا چاہیں گے۔** اس کی وجہ سے مطالعہ محققین اور پالیسی سازوں کے لیے مزید مفید بن جاتا ہے، جو اس معلومات کو ہر ایک کے لیے عوامی خدمات کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کریں گے۔

## ہم کون سا انتظامی ریکارڈ شامل کرنا چاہیں گے؟

ہم آپ اور آپ کے بچے کے بارے میں اس کی **صحت، تعلیم اور سماجی نگہداشت کے ریکارڈ** سے معلومات شامل کرنا چاہیں گے۔ یہ جاننے کے لیے کہ اس ریکارڈ میں کیا شامل ہوتا ہے، براہ کرم مطالعہ کی ویب سائٹ دیکھیں۔ اس معلومات کا تعلق آپ کے اور آپ کے بچے کے ماضی، حال اور مستقبل کے حالات سے ہوتا ہے۔ ہم مطالعہ کی مدت کے لیے مسلسل بنیادوں پر ان ریکارڈز سے معلومات شامل کرنا چاہیں گے۔

## انتظامی ریکارڈ شامل کرنے کا فیصلہ کون کرتا ہے؟

**یہ آپ کی پسند پر منحصر ہو گا** کہ ان میں سے کون سا ریکارڈ آپ کے مطالعہ کے جوابات میں شامل کیا جائے۔ **انٹرویو لینے والا آپ کو اس بارے میں مزید بتائے گا** اور آپ کسی بھی وقت اپنا ارادہ بدل سکتے ہیں۔

آپ اپنے بچے کے ریکارڈ سے معلومات شامل کرنے پر اس کے والد/والدہ کے ساتھ تبادلہ خیال کر سکتے ہیں۔ یہ معلومات ہم والدین میں سے اس شخص سے پوچھیں گے جو اس بارے میں طویل انٹرویو دیتا ہے۔

**اگر آپ ایسا نہیں کرنا چاہتے، تو پھر بھی آپ مطالعہ میں حصہ لے سکتے ہیں۔**

## انتظامی ریکارڈز سے حاصل کردہ معلومات کو کیسے استعمال کیا جائے گا؟

ان کو صرف تحقیقی مقاصد کے لیے ہی استعمال کیا جائے گا۔ انتظامی ریکارڈز سے معلومات شامل کرنے سے آپ کی یا آپ کے بچے کی سروسز، حقوق، علاج یا صحت کی کسی بھی انشورنس پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ یہ آپ کی مراعات یا ٹیکس کو متاثر نہیں کرے گا۔ معلومات شامل کرنے سے جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) کو آپ کی زندگی کا زیادہ مکمل تصوّر حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

انتظامی ریکارڈ سے معلومات شامل کرنے کے بارے میں ہماری یہ ویڈیو دیکھیں: gnestudy.info/whats-involved/adding-more-information-about-you

معلوم کریں کہ جنریشن نیو ایرا ((Generation New Era، اس کتابچے کے اگلے حصے میں اور مطالعہ کی ویب سائٹ پر آپ کی معلومات کا خیال کیسے رکھے گا۔

## آپ کہاں رہتے ہیں، اس بارے میں معلومات

ہم اس **مقامی علاقے یا پراپرٹی**کے بارے میں بھی معلومات شامل کریں گےجہاں آپ رہتے ہیں۔ ان معلومات میں یہ شامل ہو سکتی ہے، جیسے فضائی آلودگی کی سطح، سرسبز جگہیں، مقامی سہولیات، آپ کے گھر کی توانائی کی بچت۔ ہم جہاں رہتے ہیں اس کا ہماری زندگی کے بہت سے پہلوؤں پر بہت بڑا اثر پڑتا ہے، لہٰذا آپ کہاں رہتے ہیں اور آپ کے مقامی علاقے کے بارے میں مزید سمجھنا کسی بھی تحقیق کے لیے بہت مفید ہوتا ہے۔ اکثر، یہ جغرافیائی ڈیٹا **عوامی طور پر دستیاب ہوتاہے**۔ ہم مطالعہ میں حصہ لینے والے ہر فرد کی یہ معلومات حاصل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، لیکن اگر آپ ایسا نہ چاہتے ہوں، تو براہ کرم اس کتابچے کی پشت پر دی گئی تفصیلات کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں اس بارے میں بتائیں۔

# آپ کی معلومات کی دیکھ بھال کرنا

## اس تحقیق کو کس نے منظور کیا ہے؟

اس تحقیق کا **NHS کی اک ریسرچ ایتھکس کمیٹی** نے جائزہ لیا ہے اور اس کی منظوری دی ہے۔ یہ لوگوں کا ایک خودمختار گروپ ہے جو آپ کی حفاظت، حقوق، فلاح و بہبود اور وقار کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔

## آپ کی دی گئی معلومات کا کیا ہو گا؟

معلومات **صرف تحقیقی مقاصد**کے لیے ہی استعمال ہوتی ہیں۔ آپ کے سروے کے جوابات انٹرویو دینے والے دوسرے تمام لوگوں کے جوابات کے ساتھ اکٹھے رکھے جائیں گے اور UCL ڈیٹا سیف ہیون، یو کے ڈیٹا سروس اور دیگر محفوظ تحقیقی ماحول کے ذریعے تحقیق کے لیے محفوظ طریقے سے مہیا کیے جائیں گے۔ بعض اوقات اس میں ایسی تجارتی تنظیمیں بھی شامل ہو سکتی ہیں جو منظور شدہ تحقیقی مقاصد کے لیے ڈیٹا کا استعمال کرتی ہیں۔ اس تحقیقی ڈیٹا میں نام، پتہ یا دیگرکوئی بھی ایسی ذاتی تفصیلات شامل نہیں ہوتیں جن کی مدد سے مطالعہ میں شامل افراد کی براہ راست شناخت ممکن ہو سکتی ہو۔

**آپ کی مطالعہ کی معلومات کو سخت اعتماد کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے اور اسے محفوظ طریقے سے رکھا جاتا ہے۔** انہیں جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن (GDPR) کے مطابق استعمال کیا جاتا ہے اور اس وقت تک برقرار رکھا جاتا ہے جب تک کہ یہ مطالعہ کے لیے ضروری ہوں۔ جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) میں آپ کی معلومات کی حفاظت کے لیے سخت حفاظتی اصول اور محفوظ نظام موجود ہیں۔ آپ جو بھی معلومات دیں گے انہیں آپ کے خاندان کے دیگر افراد اور ان تنظیموں سے مکمل طور پر خفیہ رکھا جائے گا جوآپ کو ایسی سروسز فراہم کرتے ہیں یا ان مراعات کا انتظام کرتے ہیں جو آپ یا آپ کا بچہ استعمال یا وصول کر سکتے ہیں۔

انتہائی غیر معمولی حالات میں آپ کی رازداری کی خلاف ورزی بھی سکتی ہے، مثال کے طور پر، اگر آپ ہمیں ایسا کچھ بتاتے ہیں جس سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ آپ کی وجہ سے شاید کسی کو نقصان پہنچنے کا خاصا خطرہ ہو سکتا ہے۔

## اگر آپ حصہ نہ لینے یا مطالعہ سے دستبردار ہونے کا انتخاب کرتے ہیں تو کیا ہو گا؟

اگر آپ خود نہیں چاہتے، تو جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) میں حصہ لینا آپ کے لیے لازمی نہیں ہے اور آپ کو بغیر کوئی وجہ بتائے کسی بھی مرحلے پر تحقیق سے دستبردار ہونے کا حق بھی حاصل ہوتا ہے۔ اگر آپ دستبردار ہو جاتے ہیں یا اگر ہم آپ سے رابطہ کھو دیتے ہیں، **تو ہم آپ کی مطالعہ کی معلومات کو برقرار رکھیں گے اور تحقیق کے لیے بدستور استعمال کرتے رہیں گے جب تک کہ آپ ہمیں ایسا کرنے سے منع نہیں کرتے۔**

اگر آپ حصہ نہ لینے کا انتخاب کرتے ہیں، تو ہم پیدائش کے ریکارڈ سے حاصل کردہ معلومات کو یہ سمجھنے کے لیے استعمال کریں گے کہ کون حصہ لیتا ہے اور کون نہیں۔

## مطالعہ کی معلومات کا ذمہ دار کون ہے؟

مطالعہ کا ڈیٹا کنٹرولر **یونیورسٹی کالج لندن (UCL)**ہے۔ آپ کی معلومات کو استعمال کرنے کی UCL کی قانونی بنیاد GDPR کے تحت 'عوامی مفاد میں کام' کے لیے ہے۔

پرائیویسی، رازداری اور قانونی حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں مزید معلومات جنریشن نیو ایرا ( Generation New Era) کی ویب سائٹ: gnestudy.info/privacy پر دستیاب ہیں، بشمول مطالعہ کے رازداری کے نوٹس۔

اگر آپ اس بارے میں فکر مند ہیں کہ مطالعہ کے لیے آپ کے ذاتی ڈیٹا پر کارروائی کیسے کی جاتی ہے، تو آپ رابطہ کر سکتے ہیں:

UCL ڈیٹا پروٹیکشن آفس: data-protection@ucl.ac.ukmailto:data-protection@ucl.ac.uk

انفارمیشن کمشنر کا دفتر: ico.org.uk

## اگر جنریشن نیو ایرا (Generation New Era) میں حصہ لینے سے آپ اپنی زندگی میں کسی چیز کے بارے میں فکر مند ہو جائیں، تو کیا ہو گا؟

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ بطور والدین اپنے تجربات کا اشتراک کرنے اور اپنے بچے کے بارے میں سوالات کے جوابات دینے سے لطف اندوز ہوں گے۔ مطالعہ میں شامل ہونے سے کوئی نقصان نہیں ہونا چاہیے اور اس سے آپ کی کوئی بھی سروسز کبھی بھی متاثر نہیں ہوں گی۔ لیکن اگر آپ کا انٹرویو آپ کو کسی بھی ایسی چیز کے بارے میں فکر مند بنا دیتا ہے جو آپ کی زندگی میں ہو رہی ہے، تو ایسی تنظیمیں موجود ہیں جن سے آپ بات کر سکتے ہیں۔

والدین کے لیے عمومی مشورے اور مدد کے لیے:

**ہوم اسٹارٹ:** home-start.org.uk، 5490 464 0116

پیسے کے مسائل کے بارے میں مشورہ اور مدد کے لیے:

**سٹیزن ایڈوائس بیورو:** cityadvice.org.uk

پریشانی یا مصیبت کے احساسات سے گزرنے والے لوگوں کی رازدارانہ معاونت کے لیے:

**سمارٹینز:** 116 123 ،samaritans.org

صحت سے متعلق خدشات کے بارے میں مشورہ کے لیے: اپنے **مقامی جی پی یا ہیلتھ وزیٹر** سے رابطہ کریں۔
معاونت کے مزید ذرائع مطالعہ کی ویب سائٹ پر مل سکتے ہیں۔

## مطالعہ کے بارے میں کوئی سوال ہے؟

- 0800 151 0610 (لینڈ لائن سے کالیں مفت ہیں مگر موبائل فون سے کی جانے والی کالوں کا خرچ مختلف ہو سکتا ہے، لہٰذا براہ کرم اپنے نیٹ ورک سے دریافت کریں)
- gnestudy@ipsos.com
- فری پوسٹ IPSOS GNE اسٹڈی
- www.gnestudy.info
- @gnestudy